بالائٹ پکچرز کا

सन ऑफ़ सिन्द बाद

سن آف سندباد

اداکاران
بیگم ناظمہ، جیون، زینی
بھگوان وغیرہ

قیمت ۱/

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دھلی

گانے

سن آف سندباد

گانا نمبر ۱

او جانے والے سن تو سہی

ارے ہم بھی تو کوئی غیر نہیں

اچھی نہیں ہے یہ بے رخی —— ارے ہم بھی تو ——

ہم ہیں تمہارے چاہنے والے۔ ہم سے تو ذرا بولیئے

کیوں دل نے آیا آپ ہی پہ

یہ راز کچھ تو کھولیئے

ہم سے کرو نا دل لگی —— ارے ہم بھی تو ——

کب سے یہ دل کی آرزو ہے

مل جائے وعدہ آپ کا

نظریں ملا کے یہ بھی کہیئے۔ کیا ہے ارادہ آپ کا

ہم سے یہ کیسی بیگانگی —— ارے ہم بھی تو ——

محفل سے میری اٹھ کے جانا

یہ کیسا ادا ہے آپ کی

آنکھوں سے دل میں آ کے رہیئے۔ یہ سزا ہے آپ کی

دیکھو ذرا تو ہنس کے کبھی —— ارے ہم بھی تو ——

گانا نمبر ۲

قدموں میں ہمارے منزل۔ ٹھوکر میں زمانہ ہے

خود اپنے ہی ہاتھوں اپنی تقدیر بنانا ہے

طوفانوں سے کھیلے جا۔ اللہ بیلی
آئے غم کو جھیلے جا ۔ اللہ ۔
ہمت کے سہارے چلا چل پیارے
موجوں میں چھپے ہیں کنارے ۔ طوفانوں ۔
بہکے چلے گا دل جہاں ۔ وہیں جئیں کے دیوانے
مڑکے نہ دیکھیں جو کبھی ایسے ہیں ہم مستانے
رکنا نا جانے، جھکنا نہ جانے
جئیں جہاں منزل پکارے ۔ طوفانوں ۔
ابا جو سلطان ہوں ۔ بابا پائے خان ہے
شیخی کی کیا بات ہے اس میں جو نا قابل ہوں
نا ہے دادا سلطان ہے نا کو پائے خان ہے
قاسم نام سے جانے دنیا یہی تو اپنی شان ہے
گائے گا زمانہ انہیں کا ترانہ
جئیں گے جو اپنے سہارے ۔ طوفانوں ۔
آنے دو آئیں جو آندھیاں ۔ چلنے دو تیز ہوائیں
جب بھی چمکتی ہیں بجلیاں ۔ سیدھی ہیں ہم کو راہیں
جانے دل والے ۔ جانے متوالے
کریں جو یہ طوفان اشارے ۔ طوفانوں ۔

گانا نمبر ۳

کبھی تو ہاں ۔ ہاں ۔ ہاں ۔ کبھو نا
نا ۔ نا ۔ جی ۔ نا ۔ نا ۔ نا ۔ میری جاں

ایسے نا ٹالو۔ میں مر جاؤں گا
ملے گا مر کے بھی چین کہاں ——— کبھی تو ہاں ———
جھوٹی ہی تسلی سہی ۔ جھوٹا ہی ۔ تو دے جا ہمیں وعدہ
جا جا رے دیوانے ۔ کیوں ہے تیرا گالی کھانے کا ارادہ
یوں نا ٹلیں گے ۔ چرنے پڑیں گے
تو یہ بھی سہہ لیں گے جلے جہاں ۔ کبھی تو ہاں ———
بڑے ہیں مار خاں ہو
دیکھو کوئی اور دروازہ
تیرے دروازے سے ہی ۔ اپنا تو اٹھے گا جنازہ
جھوٹی تو ہو گی ۔ روتی پھر دگی
جاؤ جی مرنا نہیں ہے آساں ۔ کبھی تو ہاں ———
یوں نہ ٹھکراؤ ۔ نا ملے گا کوئی دل والا ایسا
ڈھونڈو گے چراغ لے کے تو بھی پاؤ گے نا میرے جیسا
تو بے مثال ہے ۔ تو بھی کمال ہے
تو پھر آج ہی کر دو ہاں ۔ کبھی تو ہاں ———

گا نا نمبر ۴

کوئی کیسے بچائے دل کو
دل جانے کے سو ہیں بہانے
جو نظر سے بچا ۔ زلفوں میں پھنسا ۔ ایک دل ہے تو لاکھوں نشانے
کوئی کیسے بچائے دل کو
زمانہ کہے کے بچو پیار سے ۔ ان آنکھوں کی دو دھاری تلوار سے

مگر وہ ہوا جو دل نے کہا۔ ہوئے ہم تمہارے دیوانے
کوئی کیسے —

حسینوں سے چھپ کے کہاں جاؤ گے
جہاں جاؤ گے تم اُنہیں پاؤ گے
کہیں نہ کہیں۔ کوئی تو حسیں۔ لگا دے گا دل کو ٹھکانے
کوئی کیسے —

گانا نمبر ۵

وہ چاند چمکا۔ وہ نور چھلکا
لو ہلکا ہلکا نشہ چھا رہا ہے
یہ کیسا جادو مجھے سنبھالو
کہ میرے ہاتھوں سے دل جا رہا ہے
آج کتنا حسیں ہے جہاں۔ جگمگائے زمیں آسماں
ہوا نکھر گئی۔ فضا سنور گئی
لہر لہر میں کوئی گنگنا رہا ہے —— وہ چاند چمکا —
دھڑکنیں تیز سی ہو گئیں۔ آج نظریں کہاں کھو گئیں
قدم قدم پہ مستیاں۔ نظر نظر میں شوخیاں
یہ چاندنی میں کون چھپ کے جا رہا ہے
وہ چاند چمکا —
موج تڑپے کہ ساحل ملے
دل یہ چاہے کوئی دل ملے
ہمیں تیری ہے آرزو۔ ہمیں تیری ہے جستجو

گھڑی گھڑی ہے دِل مجھے بلا رہا ہے۔ وہ چاند چمکا ——

گانا نمبر ۶

رات حسین ہے۔ رنگین زمانہ

چھیڑو جی آج کوئی پیار کا ترانہ

ساز نے ہوں سوز پرانا — چھیڑو جی ——

آج مچلنے دو نظروں کو

کھل کے بکھرنے دو زلفوں کو

روکو نا دِل کو دِل ہے دیوانا — چھیڑو جی ——

جان تمنا دیکھو تو ہنس کے

دِل ہے نشانا پیار و جی کس کے

جاگ اُٹھے پھر درد سہانا — چھیڑو جی ——

ایک تمنا لاکھ بہانے۔ ایک جگر ہے لاکھ نشانے

کس کس کو دیں دِل نذرانہ — چھیڑو جی ——

گانا نمبر ۷

شوخ ادائیں مست نگاہیں

زلفوں میں پراتی ہیں لاکھوں بلائیں

او دِل والے ذرا سنبھل کے محفل میں آنا

اس محفل میں بڑا ہے مشکل دِل کو بچانا — او دِل ——

سبز گنبد کے مکیں میری مدد فرمائیے

زینتِ عرشوں بڑی میری مدد فرمائیے

سبز گنبد کے ——

نظریں اُٹھا کے دیکھو جلوے ہزار ہیں
باہیں گلے میں ہیں یا پھولوں کے ہار ہیں
کیسے نہ ہو بھلا کوئی میرا دیوانہ — اے دل —
جس کے در سے پلٹ کے کوئی سوالی جائے نا
جس سخی کے آستاں سے کوئی خالی جائے نا
میں بھی آئی ہوں وہیں، میری مدد فرمایئے
سبز گنبد کے —
دُنیا کو بھول جاؤ مستی میں جھوم لے
نظریں ملا کے ذرا۔ نظروں کو چوم لے
ہو جا پیارے زمانے سے ورا بھیگا نا — اے دل —
آج وقت امتحاں ہے آفتوں میں جان ہے
ایک طرف کافر زمانہ۔ ایک طرف ایمان ہے
ہارے نا ایمان کہیں۔ میری مدد فرمایئے
سبز گنبد کے —

ختم شد

میلاد کی کتابیں

میلاد شریف اکبر	1/0/-	میلاد شریف شہید	-/12/-
میلاد شریف گوہر	1/-/-	میلاد سعیدی	-/8/-
میلاد شریف طیبی	-/12/-	میلاد مسجدی	-/8/0

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

اسلامی لٹریچر کی کتابیں

رکن الدین	21-1.	صبح کا ستارہ	-/12/.
قصص الانبیاء	3/-/.	قیامت نامہ	-/8/.
ہزار مسئلہ	-/12/.	بہشتی زیور حصہ اول	-/12/.
نسبنامہ آدم	-/8/.	" " مکمل	8/-/.
شہید کربلا	-/8/.	فروت المسلمین	-/6/.
قصہ حضرت ایوب	-/4/.	نورنامہ معہ کلمہ نامہ	-/3/.
معراج رسول	-/8/.	نورنامہ کلاں	-/8/.
معجزہ فاطمہ	-/9/.	نماز کا بیل	-/3/.
تجارت نامہ	-/3/.	رسالہ بے نمازاں	-/3/.

عملیات تعویزات کی لاجواب کتابیں

عملیات تسخیر عالم	3/-/.	عملیات سیفی کرن	2/-/.
عملیات تسخیر محبوب	1/8/.	اندرجال	1/9/.
عملیات تعلیب	2/-/.	استاد جادوگراں	3/-/.
مکمل جادوگری	2/8/.	چین بنگال کا جادو	-/12/.
کامروپ کا جادو	-/12/.	جادو مسمریزم	2/-/.
رہنمائے جادوگری	1/4/.	کالا جادو	4/-/.

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی